کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری تجویز عالیجناب کرنل اسمالی صاحب بہادر بسلسلہ انتظام فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔	۲
۲	تبادلہ سکنڈ لفٹنٹ عبد الجلیل خاں اے ڈی سی و تقرری بخش آغا ذاکر حسین (سابق اے ڈی سی) بہ عہدہ ریکروٹنگ کپتان	۲-۳
۳	انشا پچواشی عہدہ انسپکٹر اکاؤنٹس ڈویژن محکمہ زراعت	۳
۴	عطاء آرضی برائے ... گان بہ مرتضیٰ خاں ہاکی کلب"	۳
۵	تبادلہ لفٹنٹ کشب ... سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری بہ فرسٹ رامپور انفنٹری"	۴
۶	تقرری ... علیشاہ مرزا تیمر بیگ معین گیڈنٹ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری	۴،۵
۷	تبادلہ لفٹنٹ ہادی علی خاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری بہ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	۵
۸	منظوری توسیع بمدت قیام میونسپل بورڈ رامپور	۵

آرڈران کونسل - رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری توسیع بمدت ملازمت مسز سید محمد احمد بالعقیہ ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول۔	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۴ جنوری ۱۹۲۱ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب سفارش عالی مرتبت کرنل اسمٰعیل صاحب بہادر فرسٹ راجپوت رضا انفنٹری میں حسب ذیل انتظامات کی منظوری دیجاتی ہے:-

نام	عہدہ	جائے تقرر
سید خوشنود احمد	میجر	سکنڈ ان کمانڈ
شریف الحسن خاں	کپتان	ایڈجوٹنٹ
سعید الدین خاں	لفٹنٹ	کوارٹر ماسٹر
محمد بیگ	لفٹنٹ	مشین گن افسر
محمد مرتضیٰ	لفٹنٹ	سگنلنگ افسر
سید ضمیر احمد	کپتان	ٹرانسپورٹ افسر
شکور علی خاں	کپتان	ہیڈ کوارٹر کمپنی
سید محمود احمد	لفٹنٹ	اے کمپنی کمانڈر
حبیب اللہ خاں	کپتان	بی کمپنی کمانڈر
شریف احمد خاں	کپتان	سی کمپنی کمانڈر
فضل القادر خاں	کپتان	ڈی کمپنی کمانڈر

(۲) بموجب اسکیم جدید کمپنی کمانڈر کا میجر یا کپتان ہونا ضروری ہے چونکہ لفٹنٹ سید محمود احمد انڈین ملٹری اکیڈمی کے تعلیم یافتہ ہیں۔ لہذا اُن کو "ایکٹنگ کپتان" رینک پر ترقی دیجاتی ہے۔ کپتان رینک کی تنخواہ ملے گی۔

۳۔ لفٹنٹ میڈیکل افسر حبیب الرحمٰن کو ۲ نومبر ۱۹۲۰ء سے کپتان رینک پر ترقی دیجاتی ہے۔ کپتان رینک کی تنخواہ ملے گی۔

۴۔ افسران مندرجہ بالا علاوہ رینک کی تنخواہ کے ان عہدہ جات کا الاؤنس پائیں گے جن کا الاؤنس منظور شدہ ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

روبکار:- واقع ۴ جنوری ۱۹۲۱ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اسٹاف میں سیکنڈ لفٹنٹ عبدالحمید خاں انگریزی سے ناواقف ہیں۔ جس کی وجہ سے ایڈیکانگ میں خدمات انجام نہیں دے سکتے۔ سیکنڈ راجپوت مرتضیٰ انفنٹری میں تین انڈین افسران کی آسامیاں خالی ہیں۔ لہذا سیکنڈ لفٹنٹ عبدالحمید خاں ایڈی سی کے اسٹاف سے سیکنڈ راجپوت مرتضیٰ انفنٹری میں

صوبہ دار رینک پر تبدیل کیا جاتا ہے۔ اُن کی تبدیلی کسی قصور کی وجہ سے نہیں ہے۔ اور نہ یہ تبدیلی اُنکی فوجی ملازمت پر اثر انداز ہوگی

۲۔ آغا ذاکر حسین صاحب کپتان اڈی سی کو بجائے رینک کپتان اسٹاف میں اڈی سی مقرر کیا جاتا ہے۔ کپتان رینک کی تنخواہ ملے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

حکم :- واقع ۱۰ر جنوری ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ۔ منشی عبدالحی انسپکٹر اکاؤنٹس دفاتر محکمہ زراعت کی تنخواہ موجودہ میں بیس روپیہ کا اضافہ منظور رہے۔ نابردہ کو جو الاؤنس بیس روپیہ ماہوار مل رہا ہے وہ مسدود کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ مسل مع شمولہ کاغذات ہٰذا داخل محافظ خانہ صدر کی جائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بذروۂ عرض | میرساند

جناب عالی

بحکم ہمایوں مصدرہ ۲۶ر جون ۱۹۳۰ء ایگریکلچر انسپکٹران کی دو آسامیوں میں سے ایک آسامی پر بی۔ ایس سی (زراعت) دستیاب نہ ہونے کے باعث بجائے ایگریکلچر انسپکٹر کے۔ انسپکٹر اکاؤنٹس دفاتر کی آسامی بہ گریڈ سینیئر کلرک منظور فرمائی گئی تھی اور اس آسامی پر منشی عبدالحی کا تقرر بشاہرہ پچاس روپیہ ہوا تھا نیز اپنے کام کے علاوہ عارضی طور پر ایگریکلچر انسپکٹر کا کام انجام دینے کے صلہ میں بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس یکم جولائی ۱۹۳۰ء سے منظور ہوا تھا۔ اب تجویز ہے کہ چونکہ انسپکٹر اکاؤنٹس دفاتر کا عہدہ ذمہ دارانہ خدمات کے باعث بجائے خود اہم ہے اور دو خدمات کا قابل اطمینان حالتیں انجام دینا دشوار ہے لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس مسدود ہو کر نابردہ کی موجودہ تنخواہ پچاس روپیہ میں بیس روپیہ ماہانہ اضافہ بوجہ حسن خدمات منظور فرمایا جائے۔ جس سے عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے اتفاق فرمایا ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۳۰ر دسمبر ۱۹۳۰ء میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔ ترقی تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حسب تجویز معروضہ بالا حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۴ر جنوری ۱۹۳۱ء

حکم :- واقع ۹ر جنوری ۱۹۳۱ء

کاغذات مسل ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مبلغ ۳ بیگھہ ۷ بسوانسی آراضی نزول متصل بانس پور دروازہ لگانی یکصد سالانہ معافی لگان "تفضل خاں ہاکی کلب" کو برائے ہاکی فیلڈ عطا کی جانا منظور ہے۔

یوم دخل آراضی سے رقم لگان کاشتکار کے نام سے
خارج اور جمع ٹھیکہ سے کم کی جائے۔ آراضی مذکورہ
تاقیام ہاکی کلب مرتضیٰ خاں ہاکی کلب کے نام معاف
رہے گی۔ ہاکی کلب قائم نہ رہنے کی صورت میں
شامل صیغۂ نزول ہوگی۔

حکم نواسع کاغذات متعلقہ عالی مرتبت صاحب
چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
درج گزٹ ہو　　　　　۸ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:-

واقع ۸ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ۔ لفٹنٹ کشب دت سکنڈ رامپور
مرتضیٰ انفنٹری کو یکم جنوری سنہ ۱۹۴۱ء سے فرسٹ ریزرو انفنٹری سسٹمنٹ
میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　　　　می رساند

جناب عالی

لفٹنٹ کشب دت صاحب سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری
۲ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء کو فرسٹ ریزرو انفنٹری سسٹمنٹ کے ساتھ
سیر تھ گئے ہیں۔ حسب رپورٹ صاحب آفیسر کمانڈنگ
سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری ترقیخواہ ستدعی ہے۔ کہ
لفٹنٹ کشب دت صاحب کو یکم جنوری سنہ ۱۹۴۱ء
سے فرسٹ ریزرو انفنٹری سسٹمنٹ میں تبدیل کئے جانے کا
حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت واقبال جاوید باد

عریضہ ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

معروضہ ۸ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

حکم:-

۸ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ سید حامد علی شاہ و مرزا
قیصر بیگ امیدواران کا تقرر بہ حیثیت کیڈٹ
۱۲ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء سے سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری
میں منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض　　　　　می رساند

جناب عالی

ترقی خواہ بصد ادب مستدعی ہے کہ حسب ذیل
دو امیدواران کا بہ حیثیت کیڈٹ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء
سے سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں تقرر پیشگاہ ہمایوں
سے منظور فرمایا جائے۔ ترقی خواہ نے عالی مرتبت جناب
فائنانس منسٹر بہادر سے اس بارہ میں مشورہ کرلیا ہے
موصوف کو ان کے تقرر سے اتفاق ہے۔
(۱) سید حامد علی شاہ ولد سید فرخ علی شاہ۔

ساکن خان پور ضلع بلند شہر

(۲) مرزا قیصر بیگ ولد مرزا صدیق بیگ ساکن مفتی ٹولہ مراد آباد۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
مورخہ ۸ر جنوری ۱۹۴۱ء

حکم :- داقع ۸ر جنوری ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ۔ لفٹننٹ ہادی علی خاں کو ۱۰ر جنوری ۱۹۴۱ء سے سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تبدیل کیا جاتا ہے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی آرڈر جاری ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

ترقی خواہ بعد ادب مستدعی ہے کہ ۱۰ر جنوری ۱۹۴۱ء سے لفٹننٹ ہادی علی خاں صاحب سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تبدیل کئے جانے کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
مورخہ ۸ر جنوری ۱۹۴۱ء

روبکار :- داقع ۸ر جنوری ۱۹۴۱ء

بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۳۰ر جنوری ۱۹۴۰ء موجودہ میونسپل بورڈ کی مدت قیام میں ایک سال کی توسیع منظور کی گئی تھی۔ یہ مدت ماہ اپریل ۱۹۴۱ء میں ختم ہو جائے گی۔ چونکہ سلسلۂ جنگ برابر جاری ہے لہذا موجودہ میونسپل بورڈ کی مدت قیام میں تا زمانۂ جنگ توسیع منظور کی جاتی ہے۔ جنگ ختم ہونے کے بعد بورڈ کے انتخابات کے متعلق حکم صادر کیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- واقع ۴ر جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۰ر دسمبر سنہ ۱۹۴۰ء

میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ مسز سید محمد احمد بالفقیہ ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول کا عارضی تقرر برائے چھ ماہ امتحاناً بحکم کونسل مورخہ ۱۰ر جولائی سنہ ۱۹۴۰ء ہوا تھا۔ تاریخ کارکردگی سے چھ ماہ کی مدت ۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۴۱ء کو ختم ہو گی۔ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات نے ان کے کام سے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے گریڈ کی ابتدائی تنخواہ پر چھ ماہ کی مزید توسیع کی سفارش کی ہے تاکہ غیر مستقل مدت ایک سال ہو جائے۔ مستقلی سے ایک سال بعد حسب قاعدہ اضافہ گریڈ کی مستحق ہو سکیں گی۔ اس مدت غیر مستقل چھ ماہ میں انکو ایک سو ساٹھ روپیہ ماہانہ تنخواہ دلائی گئی تھی۔ اور بصورت حسن کارگزاری ابتدائی تنخواہ گریڈ کا وعدہ کیا گیا تھا جس کی وہ مستحق ہیں۔ لہذا ما۔ (دو سو روپیہ) ماہانہ ابتدائی تنخواہ گریڈ ہیڈ مسٹرس پر چھ ماہ کی توسیع از ۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۴۱ء قابل منظوری ہے۔ سروس سلکشن بورڈ نے بھی تقرر سے اتفاق کر لیا ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز مسز سید محمد احمد بالفقیہ ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول کی مدت غیر مستقل میں ۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۴۱ء سے چھ ماہ کی توسیع بشاہرہ ما۔ دو سو روپیہ ابتدائی تنخواہ گریڈ عہدہ ہیڈ مسٹرس منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ مدد سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل